WORK RIGHT







# کورونا وائرس کو روکنے کے لئے Work Right

## اپنے کام کی جگہ پر کورونا وائرس کو پھیلنے سے روکنے کے لئے آپ کیا مدد کر سکتے ہیں

WORK RIGHT


**اپنے گھر سے کام کے لئے نکلنے سے لے کر واپس گھر آنے تک، آپ خود کو، اپنے ساتھیوں کو اور اپنے خاندان کو کووڈ19- سے بچانے کے ذمہ دار ہیں۔ یہاں ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ وبا کے خطرے کو پھیلنے سے روکنے کے لئے اور سب کو محفوظ انداز میں کام کرنے میں مدد دینے کے لئے آپ کیا کر سکتے ہیں:**

## جب آپ کام پر ہوں


آپ کے آجر کو چاہئیے کہ کام کی جگہ پر کووڈ سے محفوظ رہنے کے انتظامات کرے۔ اگر آپ کام کر رہے ہیں یا وقفے سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، ہر وقت ان انتظامات کی پابندی کریں۔



اپنے ہاتھ بار بار دھوتے رہیں، یا اگر آپ نہیں دھو سکتے تو سینیٹائزر کا استعمال کریں



جسمانی فاصلہ برقرار رکھیں اور دوسروں کے آمنے سامنے آنے سے اجتناب کریں



اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے کام کی جگہ خُوب ہوادار ہو، جہاں ممکن ہودروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھیں


## کام پر جانے اور واپسی کے دوران



زیادہ مصروف اوقات میں اور مشترکہ ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے سے گریز کریں



اگر کار میں شریک ہونا ضروری ہے تو ایک ہی گروپ کے ساتھ رہیں، کھڑکیاں کھلی رکھیں، فیس ماسک پہنیں اور جتنا زیادہ ہو سکے جسمانی فاصلہ رکھیں



جن ساتھیوں کے ساتھ آپ رہتے ہیں یا سفر کرتے ہیں، انہی کی شفٹ میں کام کرنے کا کہیں

وبا کے دوران آپ کے لئے دستیاب حکومتی مدد کی معلومات یہاں موجود ہیں:

https://www.gov.uk/coronavirus/worker-support

WORK RIGHT

## یاد رکھیں

اگر آپ یا آپ کے گھر میں کسی کو علامات ہوں، تو اپنے آجر کو اطلاع دیں اور **کام پر نہ جائیں** ۔ اپنے ساتھیوں، دوستوں اور خاندان کو بچائیں

اگر آپ کی جسمانی صحت کمزور ہے اور طبی طور پر بیمار ہونے کا خطرہ انتہائی زیادہ ہے تو اپنے آجر کو اطلاع دیں تاکہ کام کی جگہ کو آپ کے لئے محفوظ بنانے کے انتظامات کئے جائیں

## اگر آپ اپنی کام کی جگہ کو محفوظ نہیں سمجھتے

آپ کے آجر نے جو کووڈ سے محفوظ رہنے کے انتظامات کئے ہیں، انہیں چیک کریں اور سوالات پوچھیں

اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ انتظامات کافی نہیں ہیں، اپنے ایچ آر ڈیپارٹمنٹ سے یا نمائندہ ورکر سے بات کریں

اگر پھر بھی آپ کے تحفظات ہوں تو آپ ایچ ایس ای کو رپورٹ کر سکتے ہیں:

- www.hse.gov.uk پر آن لائن
- ہمیں کال کریں 03000031647 ۔ سوموار سے جمعہ صبح 8:30 سے شام 5 بجے تک [بدھ کو صبح 10 سے شام 5 بجے تک]

آپ کی رپورٹ کوخفیہ رکھا جائے گا۔

مزید اقدامات جو آپ کے آجر کو کرنے چاہئیں، کی معلومات اور وبا کے دوران حفاظت سے کام کرنے کے مشورے یہاں موجود ہیں:

http://workright.campaign.gov.uk/Yorkshire

محفوظ کام کرنے کے بارے مزید معلومات کے لئے حکومتی راہنمائی کو چیک کریں:

www.gov.uk/guidance/working-safely-during-coronavirus-covid-19

* آپ کے سٹینڈرڈ نیٹ ورک ریٹ پر کالز چارج کی جائیں گی، یا بغیر قیمت کے اگر آپ کے فون ٹیرف میں منٹس شامل ہیں۔

یہ کتابچہ کئی زبانوں میں دستیاب ہے۔ اپنی مرضی کی زبان کے لئے اپنے
سمارٹ فون سے کیو آر کوڈ سکین کریں یا یو آر ایل سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

workright.campaign.gov.uk/worker-leaflet

આ માહિતી પત્રિકા ગુજરાતીમાં ઉપલબ્ધ છે, તેને ડાઉનલોડ કરવા તમારા સ્માર્ટફોનથી QR કોડ સ્કેન કરો અથવા URL નો ઉપયોગ કરો

Ulotka jest dostępna w języku polskim, zeskanuj kod QR swoim smartfonem lub użyj adresu URL, aby ją pobrać.

ਇਹ ਪਰਚਾ ਪੰਜਾਬੀ ਵਿੱਚ ਉਪਲਬਧ ਹੈ, ਇਸ ਨੂੰ ਡਾਉਨਲੋਡ ਕਰਨ ਲਈ ਆਪਣੇ ਸਮਾਰਟ ਫ਼ੋਨ ਨਾਲ QR ਕੋਡ ਸਕੈਨ ਕਰੋ ਜਾਂ URL ਦੀ ਵਰਤੋਂ ਕਰੋ।

Broșura este disponibilă în limba română; scanați codul QR cu smartphone-ul dvs. sau folosiți adresa URL pentru a o descărca.

A szórólap magyar nyelven is elérhető. Olvassa be a QR-kódot okostelefonjával, vagy használja az URL-címet a letöltéséhez

## Work Right اور HSE کے بارے میں

Work Right ایک مہم ہے جسے HSE چلا رہا ہے تاکہ کاروبارچلانے والے سوچیں کہ صحت اور سلامتی کے حوالے سے ان کی کیا ذمہ داری ہے۔ ہیلتھ اور سیفٹی ایکزیکٹیو [HSE] کام کی جگہ پر صحت اور سلامتی کو کنٹرول کرنے کا قومی ریگولیٹر ہے۔ HSE تمام صنعتی شعبوں سے لے کر انفرادی کاروبار تک متاثر کن روئیوں سے مخصوص مداخلت تک ریگولیٹری کاروائیوں کے ذریعے کام سے متعلقہ خراب صحت، زخمی ہونے یا ہلاکت کو روکنے کے لئے کام کرتا ہے



HSE